بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخصوص ایام میں قصیدہ بردہ شریف پڑھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا عورت حیض کی حالت میں قصیدہ بردہ شریف پڑھ سکتی ہے؟

جواب

حیض کی حالت میں قصیدہ بردہ شریف پڑھنا جائز ہے، کہ حیض کی حالت میں قرآن پاک پڑھنا جائز نہیں، قرآن پاک کے علاوہ ذکر و اذکار، مناجات دعائیں وغیرہ پڑھنے کی اجازت ہے، ہاں! بہتر یہ ہے کہ پڑھنے سے پہلے وضو یا کلی کر لے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے "ویجوز للجنب والحائض الدعوات وجواب الأذان ونحو ذلك" ترجمہ: جُنبی اور حائضہ کے لئے مختلف دعائیں پڑھنا، اذان کا جواب دینا، وغیرہ جائز ہے۔ (فتاوی عالمگیری، جلد 1، صفحہ 38، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے "قرآن مجید کے علاوہ تمام اذکار، کلمہ شریف، درود شریف وغیرہ پڑھنا بلاکراہت جائز، بلکہ مستحب ہے اور ان چیزوں کو وضو یا کلی کرکے پڑھنا بہتر اور ویسے ہی پڑھ لیا جب بھی حرج نہیں۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 379، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4779

تاریخ اجراء: 07 رمضان المبارک 1447ھ/25 فروری 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net